
آر۔ کے فلمز کا بہترین و نایاب شاندار ڈرامہ



سٹوری و گانے

(قیمت ۸ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران: نرگس. کامنی کوشل. راجکپور. پریم ناتھ. نگار. وغیرہ

سٹوری

معلوم ہوتا ہے کہ دل نے کوئی گہری چوٹ کھائی ہے. کب کی بات ہے یہ. کئی سو سال پہلے کی. جب کہ میں دس برس کا تھا. کیول نے آنسوؤں سے بھیگی ہوئی آواز میں کہا. دس برس کی عمر میں اس کی آنکھوں کے سامنے ایک روشنی سی ناچ گئی.

نمی اور کیول دونوں ایک ساتھ پڑھتے تھے. ایک ساتھ کھیلتے تھے. اور ایک ساتھ سپنے دیکھتے تھے. دونوں کو ناٹک کا بہت شوق تھا. لیکن جب اُن کے سپنے سچے ہونے والے ہی تھے کہ ایک بجلی سی کیول کی دُنیا میں کوند گئی. اور نمی کیول کی دُنیا سے دُور چلی گئی.

گانے آگ کے

نمبر ۱

میری عرج سنو میری. شرن پڑی اب تیری

جس دن سے گیا دل میرا. دُکھوں نے گھیرا

کیوں رُوٹھ رہے کرتار. میری سرکار. بتلاتے جاؤ

کیا ہم سے ہو گئی بھول ہمیں بتلاؤ. ہمیں بتلاؤ.

پردوں میں چھپیاں۔ نہ ہو ناراض میرے سرتاج
ہو دل اب تیرا جس دن سے ہوا میرا دکھوں نے گھیرا ۔۔۔۔۔
پڑی دل کی دنیا سُونی۔ اِدھر بھی دیکھو اُدھر بھی آؤ
سب گھر سے ہوئے ذرا مسکراؤ۔ نہ اب ترساؤ۔
لگا ایسا نظر کا تیر کلیجہ چیر گیا میرا۔ دکھوں نے گھیرا۔۔۔۔
میری سُننے جاؤ بات۔ تمہارے جوڑ رہی میں ہاتھ
تمہارے جوڑ رہی میں ہاتھ
کیوں مجھ سے جاتے دُور۔ میرے اُدھر۔ نبھاؤ دو ساتھ۔
ذرا ہنسو مسکرا دو ہمیں کھلاؤ۔ بسا دو ڈیرا۔ جس دن سے۔۔۔

نمبر ۲

کہیں کا دیپک کہیں کی باتی۔ آج بنے ہیں جیون ساتھی
دیکھ ہنستا ہے چاند مسافر دیکھ چاند کی اور
دیکھ چاند کی اور۔ مسافر دیکھ چاند کی اور
دیکھ گھٹا گھنگھور۔ مسافر دیکھ گھٹا گھنگھور
چاند نے مکھ پر گھونگھٹ ڈالے۔ کھیل رہی ہے کھیل
چھپا لیا آنچل میں مکھڑا دیکھ گھٹا کا کھیل
کھیل کھیل میں دیکھ مسافر بندھی پریت کی ڈور۔ دیکھ چاند کی اور
دیکھ لہر کی اور مسافر دیکھ لہر کی اور

تڑپ اُٹھی جو دیکھ چاند کو چھپا نہ پائی پریت
ملن ہوا چندا لہروں کا گونج اُٹھا سنگیت
کیوں نہ جلتے ہیں دیکھ مسافر چندا اور چکور۔ دیکھ چاند کی اور.....

نمبر ۳

زندہ ہوں اس طرح کہ غم زندگی نہیں
جلتا ہوا دیا ہوں مگر روشنی نہیں
گو مدتیں ہوئی ہیں کسی سے جدا ہوئے
لیکن یہ دل کی آگ ابھی تک بجھی نہیں۔ زندہ...
آنے کو آ چکا تھا کنارا بھی سامنے
خود اس کے پاس ہی میری نیا گئی نہیں
ہونٹوں کے پاس آئے ہنسی کیا مجال ہے
یہ دل کا معاملہ ہے کوئی دل لگی نہیں۔
یہ چاند یہ ہوا یہ فضا کب ہیں ماند ماند
جب تو نہیں تو ان میں کوئی دلکشی نہیں

نمبر ۴

آنکھوں میں آنسو نہ ہونٹوں پہ ہائے
مگر ایک مدت ہوئی مسکرائے
یہ ایک بند آنسو جو آنکھوں میں آیا۔ آنکھوں میں آیا۔

کہیں یہ بھی گر کر نہ ہاتھوں سے جاتے
ملا چین اب بھی نہ برباد ہو کر
جو دل جل رہا ہے تو کیا کوئی پائے
رہا زندگی کا اندھیرا سلامت
جو دل بجھ چکا ہو وہ کیا چین پائے

نمبر ۵

کوئی جا کے انہیں سمجھائے رے۔ میرے دل سے بچے ہائے رے
کوئی دوش میرا بتلائے رے۔ کہدو کوئل سے نہ گائے رے
جو موہے اپنا کوئی یاد آئے رے
میرے نینوں میں نیر بھر آئے رے۔ موہے بیتے دن یاد آئے رے
ہائے لگی آگ ہردے میں۔ کوئی ہردے کی آگ بجھائے رے
میرا جیون پل پل جائے رے۔ کوئی جا کے انہیں سمجھائے رے
میری موت سے پہلے آئے رے

نمبر ۶

رات کو جی چمکے تارے۔ دیکھ بلم موہے اکھیاں مارے
جی میں مر گئی رام
رات کو جی بولے پپیہا۔ آرے بلم مورا ڈولے جیئرا
جی میں مر گئی رام

رات کو جی بولے پپیہرا۔ بھید کھولے تیرا میرا۔ میرا تیرا
جی میں کیا کروں رام
رات کو جی چمکے چندا۔ بنا تیرے پائے نہیں چین یہ بندہ
جی میں کیا کروں رام
رات کو جو اُڑتے بادل۔ چھوڑ بلم مورا چھوڑ دے آنچل
جی میں مر گئی رام
رات کو جو اُڑتے بادل۔ ساتھ ہمارے گوری دُور چلی چل
جی میں کیا کروں رام

عنبر

سولہ برس کی بیتی عمریا۔
گورے گورے دن میں ہا جوبن چال کرے بدنام۔ ہوئے ہوئے
صندل جیسے ہاتھ پھسلے۔ کوئی نہ لے دل تھام
دیکھ کیسے چلا جیا مکھڑا۔ سارس بولے ہائے رام ہائے رام
سچ بولے ہائے رام
سب کی لگی اُس سے نظریا۔ سولہ برس کی بیتی عمریا
جانے سنائے اپنی کہانی۔ کیوں بولے ہوئے ہوئے
دیکھ کسی کی مست جوانی۔ کیوں کوئی للچائے
کیوں کوئی للچائے

دیکھ کے سُندر مُکھڑا کیوں کوئی کھو جائے۔ ہائے ہائے
کیوں کوئی کھو جائے
اپنی تو ہے کوئی خبریا۔ سولہ برس کی بھئی عمریا۔

نمبر ۸

دل ٹوٹ گیا۔ جی چھوٹ گیا۔ قسمت نے مٹا کر چھوڑ دیا
آنکھوں میں بھی تو آنسو نہ رہے۔ مجبور بنا کر چھوڑ دیا
اے میری اُمیدوں کی دُنیا بدنام محبت ہوتی ہے
کیوں مجھکو بنایا تھا اپنا۔ کیوں اپنا بنا کے چھوڑ دیا
ارمان تڑپتے ہیں دل میں۔ جی سنگسار رہتا ہے
جلنے کیلئے دُنیا میں ہے آگ لگا کر چھوڑ دیا۔
تم پھولو پھلو آباد رہو۔ آباد رہو دل شاد رہو
تم نے تو مجھے دُنیا کیلئے افسانہ بنا کر چھوڑ دیا

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب آدمی تجارت کے ذریعہ چند دنوں میں نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے۔ سینکڑوں اشیائے بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر وغیرہ۔ روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور فروخت کرنے کے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے ہزارہا روپے کی تجارت سکھا کر ہزاروں بے روزگاروں کو با روزگار بنا چکی ہے۔

قیمت رفاہ عام کی غرض سے صرف ۳/- محصولڈاک ۸/

ملنے کا پتہ:۔

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

کوہ نور پریس دہلی